حیسکو پریس ریلیز مورخہ :22.07.2026

بجلی چور ہمارا دشمن ہے، ہماری تمام تر توجہ بجلی چوروں کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہنگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویزن علامہ اقبال، ٹنڈوالہیار-II، قاسم آباد، سیہون، ٹھٹھہ، نواب شاہ (ون)، نواب شاہ (ٹو)، سانگھڑ، میر پور خاص سٹی اور ہیر آباد میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 351 غیر قانونی کنیکشن منقطع کیے گئے، 1166 میٹر پی وی سی قبضے میں لے لی گئی، جبکہ واجبات کی مد میں 36 لاکھ 40 ہزار سے زائد کے وصولی کی گئی۔ حیسکو ترجمان۔

19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 63988 غیر قانونی کنیکشن منقطع کیے جاچکے ہیں جب کہ 1050 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، 3005 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کیے گئے 356144 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 862 عدد ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 36 کروڑ 84 لاکھ سے زائد ریکور کیے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوروں اور نادہنگان کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہنگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکوز سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویزن علامہ اقبال، ٹنڈوالہیار-II، قاسم آباد، سیہون، ٹھٹھہ، نواب شاہ (ون)، نواب شاہ (ٹو)، سانگھڑ، میر پور خاص سٹی اور ہیر آباد میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 351 غیر قانونی کنیکشن منقطع کیے گئے، 1166 میٹر پی وی سی قبضے میں لے لی گئی، جبکہ واجبات کی مد میں 36 لاکھ 40 ہزار سے زائد کے وصولی کی گئی، 19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 63988 غیر قانونی کنیکشن منقطع کیے جاچکے ہیں جب کہ 1050 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، 3005 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کیے گئے 356144 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 862 عدد ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 36 کروڑ 84 لاکھ سے زائد ریکور کیے گئے ہیں، تفصیلات کے مطابق ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن کی ہدایت پر ڈویزن لطیف آباد II کی سب ڈویزن علامہ اقبال، ڈویزن قاسم آباد کی سب ڈویزن قاسم آباد اور ڈویزن ٹنڈوالہیار کی سب ڈویزن ٹنڈوالہیار II میں کارروائیوں کے دوران 224 غیر قانونی کنیکشن منقطع 750 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 13 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی، اسی طرح ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ کی ہدایت پر ڈویزن ٹھٹھہ کی سب ڈویزن ٹھٹھہ اور ڈویزن کوٹری کی سب ڈویزن سیہون میں کارروائیوں کے دوران 95 غیر قانونی کنکشن اور 101 میٹر غیر قانونی لگائی گئی بجلی کی تاریں کاٹ کر تحویل میں لی گئیں جبکہ واجبات کی مد میں 6 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی کی ہدایت پر ڈویزن نواب شاہ کی سب ڈویزن نواب شاہ (ون)، نواب شاہ (ٹو) اور ڈویزن سانگھڑ کی سب ڈویزن سانگھڑ میں کارروائیوں کے دوران 20 غیر قانونی کنکشن اور 145 میٹر غیر قانونی لگائی گئی بجلی کی تاریں کاٹ کر تحویل میں لی گئیں جبکہ واجبات کی مد میں 9 لاکھ 8 ہزار سے زائد کی ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل میر پور خاص فرمان علی ڈاہانی کی ہدایت پر ڈویزن میر پور خاص کی سب ڈویزن میر پور خاص سٹی اور ہیر آباد میں کارروائیوں کے دوران 12 غیر قانونی کنکشن اور 170 میٹر غیر قانونی لگائی گئی بجلی کی تاریں کاٹ کر تحویل میں لی گئیں جبکہ واجبات کی مد میں 6 لاکھ 80 ہزار سے زائد کی ریکوری کی گئی، واضح رہے کہ حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں واجبات کی 100 فیصد وصولی یقینی بنائیں اور صارفین اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری ادا کریں بصورت دیگر بجلی منقطع کی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے صارف کی گرفتاری عمل میں لائے جائے گی اور بجلی چوری کرنے والا ملک وقوم کا مجرم ہے لہذا کسی بھی صورت نہیں چھوڑا جائے گا، اس کے ساتھ ساتھ مختلف سب ڈویژنوں نے اپنے اپنے علاقوں میں بلوں کی ادائیگی کے لیے اعلانات کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کروائیں اور اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری طور پر ادا کریں بصورت دیگر رینجرز، پولیس اور دیگر حساس ادارے اس صارف کو پکڑے گے تو وہ خود اس کا ذمہ دار ہوگا ہماری کارروائیاں بلاتفریق جاری ہیں اور بجلی چوری کے خاتمہ تک جاری رہیں گیں، بجلی چور ملک، قوم اور حیسکو کی ترقی میں رکاوٹ ہیں، عوام کھلی کچہریوں میں بھرپور آئیں اور اپنے جائز مسائل حل کرائیں، اسکے ساتھ ساتھ عوام کو چاہئے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تاکہ بجلی کی فراہمی میسر ہوسکے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تاکہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جاسکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں تاکہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کرسکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا۔ آپ کے تعاون کے متمنی حیسکو۔






چیف ایگزیکٹیو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہنگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکوز سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویزن کارروائیاں جاری ہیں